اطلاع عام

عوام الناس کو بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پشاور ڈیویلپمنٹ اتھارٹی (PDA) نے اب تک ماسوائے مندرجہ ذیل ہاؤسنگ سکیموں کے کسی دوسرے ٹاؤن شپ / سکیم کی منظوری نہیں دی:۔

1) شیخ یاسین ٹاؤن، ناصر باغ روڈ، پشاور۔
2) پروفیسر ماڈل ٹاؤن، ناصر باغ روڈ، پشاور۔
3) نیو یونیورسٹی ماڈل ٹاؤن، ناصر باغ روڈ، پشاور۔
4) زنتارہ ریزیڈنسز، رنگ روڈ نزد چارسدہ روڈ جنکشن۔
5) شاہین فاؤنڈیشن، وارسک روڈ پشاور۔
6) صفیہ ہومز، وارسک روڈ پشاور۔

اور عوام الناس کی سہولت کے پیش نظر منظور شدہ ہاؤسنگ سکیموں اور سوسائیٹیوں کی فہرست وقتاً فوقتاً پی ڈی اے کی ویب سائیٹ www.pda.gov.pk پر بھی شائع کی جاتی ہے۔

لہٰذا ہر خاص و عام کو بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ غیر منظور شدہ ہاؤسنگ سکیموں اور سوسائیٹیوں میں پلاٹوں کے خرید و فروخت سے اجتناب کریں اور کسی بھی لین دین کرنے سے پہلے اُس ہاؤسنگ سکیم اور سوسائیٹی کی منظوری اور اُس کی موجودہ صورت حال کے بارے میں پشاور ڈیویلپمنٹ اتھارٹی (PDA) سے پیشگی تصدیق کرائیں۔ مزید برآں کسی بھی پلاٹ کی خریداری باقاعدہ ریونیو دفتر کے رجسٹرڈ ڈیڈ کے ذریعے کریں، کیونکہ پرائیویٹ سکیم کے کاغذ اور اسٹام پیپر کی کوئی قانونی حیثیت نہیں۔ اس کے علاوہ رقم کی ادائیگی بذریعے بنک کریں تاکہ آپ کو کسی ناخوشگوار واقع کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

اسی طرح تمام ہاؤسنگ سکیموں اور سوسائیٹیوں کے ڈویلپرز اور مالکان کو بھی تنبیہ کی جاتی ہے کہ اپنی سکیمز / ٹاؤنز کو شروع کرنے سے پہلے مجاز اتھارٹی سے اجازت نامہ (این۔او۔سی) حاصل کریں، ورنہ قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

المشتہر:

ڈائریکٹر بلڈنگ کنٹرول ایجنسی

پشاور ڈیویلپمنٹ اتھارٹی

Scanned with CamScanner